مطبوعات

کرسینٹ فروغ اردو نمبر اسلامیہ کالج لاہور کے چند حساس اور علم دوست مسلم طلبہ نے ادب اردو کی خدمت کرنے کے لیے "بزم فروغ اردو" کے نام سے ایک مجلس قائم کر رکھی ہے جس کے اجلاسوں میں وہ تیاری کر کے اپنے مقالات پڑھتے ہیں۔ اس وقت ہمارے سامنے ان کے سال بھر کے مقالات کا تیسرا مجموعہ ہے، جس کو دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ ہمارے تعلیم یافتہ نوجوانوں میں، موجودہ زہریلی فضا اور ناقص تربیت کے باوجود، ایسے سلیم مذاق اور بلند نظر رکھنے والے افراد موجود ہیں جو اپنی "علمی خودی" کا احساس رکھتے ہیں اور بلند پایہ اور ٹھوس علمی مضامین لکھنے کی پوری پوری صلاحیت رکھتے ہیں۔ چنانچہ اس نمبر میں متعدد مقالات ایسے ہیں جنھیں دیکھ کر مقالہ نگاروں کے شاندار مستقبل کے بارے میں پر اُمید پیش گوئیاں کی جا سکتی ہیں۔ ارکان بزم اور مرتبین رسالہ اپنی اس کامیاب کوشش پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔ امید ہے کہ دوسرے طلبہ بھی ان کے عمل سے سبق لیں گے۔

جوہر اقبال مرتبہ محمد حسنین سید صاحب متعلم بی۔ اے۔ ناشر مکتبہ جامعہ دہلی۔ ضخامت سوا دو سو صفحات۔

"انجمن اتحاد" نے، جو جامعہ ملیہ دہلی کے طلبہ کی ایک انجمن ہے، علامہ اقبال مرحوم کی یادگار میں "جوہر" کا یہ شمارہ خصوصی نکالا ہے۔ جو ظاہری اور معنوی ہر طرح کی خوبیوں سے مزین ہے ابتدا میں مشاہیر ملک کے بیانات درج ہیں۔ اس کے بعد مقالات اور نظموں کا سلسلہ